# دفتر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور چھاؤنی

## سنہری موقع

عوام الناس خصوصی کاروباری حضرات / فرمز کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے۔ کہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور نے بچوں اور فیملیز کی تفریح کی غرض سے جناح پارک میں جوائے لینڈ بنانے کیلئے ایک قطع اراضی رقبہ 2.7 ایکڑ مختص کیا ہے مذکورہ جگہ پر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور فن لینڈ / جوائے لینڈ کے قیام اور آپریشنل حقوق / ماہانہ کرایہ داری کی بنیاد پر / کیلئے مورخہ 26 مئی 2025 دن 11:00 بجے بمقام دفتر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور مندرجہ ذیل شرائط پر نیلامی عام کر رہا ہے۔

### شرائط وضوابط

1- معاہدے کی ابتدائی مدت 5 سال ہوگی، یہ معاہدہ کینٹ بورڈ کی منظوری سے مزید 5 سال کیلئے توسیع دی جا سکتی ہے۔

2- ہر بولی دہندہ کو بولی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ 10 لاکھ روپے کی کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹیو آفیسر پشاور اور بمع شناختی کارڈ کی کاپی / رجسٹریشن NTN سرٹیفکیٹ جمع کرنا ہوگی۔ جو کہ ماسوائے 1st Highest Bidder اور 2nd Highest Bidder کے علاوہ باقی سب کو واپس کر دی جائیگی۔

3- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار اپنی بولی / آفر کا 4/1 حصہ موقع پر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ اور مذکورہ رقم بولی کا 4/1 حصہ ٹھیکے کی آخری اقساط میں Adjust کیا جائیگا۔

4- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار سیکورٹی کی مد میں مبلغ 50 لاکھ روپے جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ جو کہ ٹھیکے کے اختتام پر بولی دہندہ / ٹھیکیدار کو واپس کر دیے جائینگے۔

5- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکدار کو سیکورٹی بوقت واپسی مبلغ 50 لاکھ پر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کسی قسم کے منافع یا Interest ادا نہیں کریگا۔

6- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار جناح پارک میں فن لینڈ / جوائے لینڈ کے جھولے کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی مختص کی گئی جگہ پر ہی نصب کریگا۔

7- معاہدہ کے اختتام پر یا معاہدے کی عدم تجدید / توسیع کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار مذکورہ جگہ بمع ڈھانچے / مشینری وغیرہ پر امن طریقے سے کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کے حوالے کرنے کا پابند ہوگا۔

8- مدت معاہدہ کے اختتام پر تمام ڈھانچے / جھولے / سٹرکچر اور مشینری وغیرہ کا مالک کنٹونمنٹ بورڈ پشاور ہوگا۔ اور کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کو ان میں سے کوئی بھی آئٹم اکھاڑنے یا لیجانے کی اجازت نہ ہوگی۔

9- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار مذکورہ فن لینڈ پارک میں تمام ڈھانچے / جھولے مشینری وغیرہ اپنے خرچہ پر لگائے گا۔ اور ان جھولوں کا فٹنس سرٹیفکیٹ پاکستان انجینئرنگ کونسل سے حاصل کر کے ہر 6 ماہ بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کو جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

10- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار جھولوں کی تنصیب میں ٹیکنیکل وجوہات کی بنا پر کسی بھی قسم کے مالی / جانی نقصان کا ذمہ دار ہوگا۔

11- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار ہر سال پہلے سال کے کرایہ پر 10٪ فیصد اضافہ کیساتھ کرایہ کی صورت میں ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔

12- کامیاب بولی دہندہ / ماہانہ کرایہ ہر ماہ کی 5 تاریخ سے قبل ایڈوانس جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

13- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار بولی کی رقم پر انکم ٹیکس گورنمنٹ شیڈول کے مطابق بعد از حتمی منظوری بولی اندر 07 یوم جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

14- اگر کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار ہر ماہ کی پانچ تاریخ سے قبل اگر اپنی قسط جمع کروانے میں ناکام رہتا ہے تو 5 ہزار روپے یومیہ جرمانہ جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ اور مسلسل 10 یوم سے زیادہ تاخیر کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا۔ اور مذکورہ فن لینڈ / جوائے لینڈ کا قبضہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کا عملہ حاصل کرنے کا مجاز ہوگا۔

15- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار مذکورہ پارک فن لینڈ / جوائے لینڈ میں آنے والی فیملی اور بچوں کیلئے کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی طرف سے مختص کردہ جگہ پر واش روم / باتھ روم کا مناسب بندوبست اپنے خرچہ پر کرنے کا پابند ہوگا۔

Cb 125-265



CS CamScanner

16- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار بعد از حتمی منظوری ٹھیکہ کے 180 دن /6 ماہ کے اندر تمام جھولوں اور سہولیات وغیرہ تنصیبات مکمل کرنے کا پابند ہو گا۔ مذکورہ عرصہ 6 ماہ کو گریس پیریڈ کہا جائیگا اور گریس پیریڈ کا کرایہ کنٹونمنٹ بورڈ پشاور وصول نہیں کریگا، گریس پریڈ کے اختتام پر فوری طور پر کرایہ لاگو ہو جائے گا۔ تنصیبات میں تاخیر کی ذمہ داری ٹھیکیدار پر ہو گی۔ اور تاخیر کی صورت میں کرایہ میں کسی قسم رعایت / معافی نہیں دی جائیگی۔

17- ملک میں کسی قسم کی وباء یا ناگہانی آفت کی صورت میں اگر حکومت پاکستان یا کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی جانب سے تحریری حکم نامے کے ذریعے ٹھیکیدار کو فن لینڈ / جوائے لینڈ کو بند کرنے کا کہا جاسکا۔ تو ٹھیکیدار ان احکامات پر عمل کرنے کا پابند ہو گا۔ ایسی بندش کی صورت میں مقررہ دنوں کے کرایہ میں رعایت / معافی کے بارے میں فیصلہ بورڈ کریگا۔

18- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار جھولوں کے ٹکٹس کے نرخ اور پرنٹنگ ڈیزائن کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی منظوری کے بعد لاگو کریگا۔

19- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کنٹونمنٹ بورڈ کے ملازمین کو جھولے / کھیلوں کے ٹکٹس پر 50٪ رعایت دینے کا پابند ہو گا۔

20- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار فن لینڈ / جوائے لینڈ پارک میں ہر جگہ ٹکٹس کے نرخ نامے / ریٹس آویزاں کرنے کا پابند ہو گا۔ اور اور چارجنگ کی صورت ہی 5 ہزار روپے جرمانہ وصول کیا جائیگا مسلسل 3 بار اور چارجنگ کی صورت ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا۔

21- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی منظوری کے بغیر ٹھیکہ سب لٹ / ٹرانسفر کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

22- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار مقامی پولیس / فوج سے سیکیورٹی کلیئرنس کا خود ذمہ ہو گا۔

23- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کوئی غیر ملکی / غیر رجسٹرڈ / افغانی باشندہ مزدور یا ملازم رکھنے کا مجاز نہ ہو گا۔

24- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار پارک یا جوائے لینڈ کے اندر صفائی کی ستھرائی اور گل بانی کو قائم رکھنے کا بھی ذمہ دار ہو گا۔

25- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار بجلی / ٹرانسفر رمز وغیرہ کے حصول کا خرچہ اپنے جیب کریگا۔

26- زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہو گا کہ وہ بغیر وجہ کے ٹھیکہ منظور یا مسترد کر دے۔ PPPRA Rules (1) 33 2004

27- مذکورہ شرائط میں کسی ایک شرط کی بھی خلاف ورزی کرنے پر ٹھیکہ منسوخ دیا جائیگا۔

28- کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار اور کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کے درمیان کسی بھی قسم کے تنازع کی صورت میں دونوں فریقین ثالثی کیلئے DML&C پشاور سے رجوع کرینگے۔ اور ڈائریکٹر ملٹری لینڈ اینڈ کنٹونمنٹس کا فیصلہ حتمی تصور ہو گا کر دونوں فریقین اسے قبول کرنے کے پابند ہونگے۔ اور اس معاملے میں ٹھیکہ دار کسی عدالت سے رجوع نہیں کرئے گا۔

29- زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہو گا کہ بولی کی حتمی منظوری سے قبل اگر کوئی شخص یا پارٹی کاؤنٹر بڈ لگاتی ہے تو زیر دستخطی اس کاؤنٹر بڈ کو قانونی تقاضوں کے مطابق منظور کر سکتا ہے۔

30- کسی بھی وجہ سے بولی / نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہوئی تو دوبارہ بولی / نیلامی مورخہ 27 ~~اپریل~~ مئی 2025 دن 11 بجے اور سہ بار بولی / نیلامی مورخہ 28 ~~اپریل~~ مئی 2025 11 بجے کو ہو گی۔

31- دیگر شرائط دفتر کنٹونمنٹ بورڈ پشاور کی رینٹ سیکشن برانچ سے حاصل / معلوم کی جاسکتی ہیں۔

نوٹ:- دوبارہ نیلامی یا سہ بار نیلامی کی تاریخوں کیلئے کوئی نیا اشتہار نہیں دیا جائیگا۔

مشتہر:
کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر
پشاور کینٹ

CS CamScanner